لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ صفر ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۴ ستمبر ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۵ء

بحالت سفر ڈبل کرایہ ریل مین کرایہ گاڑی شامل نہین ہے۔ جو اسٹیشن سے مکان تک یا مکان سے اسٹیشن تک صرف کیا جاتا ہے۔ بتوسط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر آڈٹ کو اطلاع دیجائے ۔ اور درج گزٹ ہو۔

بھیجی

تحریر اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر
واقع ۶ر جون سنہ ۱۹۲۵ء

بخدمت شریف جناب صاحب فائننل سکریٹری بہادر۔

جناب من - بیرون ریاست سفر مین ہیڈکوارٹر سے روانگی کے وقت کرایہ گاڑی شہر سے اسٹیشن تک اور بروقت داخلہ منزل مقصود اسٹیشن سے شہر تک ڈبل کرایہ ریل کی رعایت مین شامل ہونے یا نہونے کے سرکلر ملاحظہ ہوا بحث یہ ہے کہ دفعہ (۸) مین ڈبل کرایہ کی رعایت کے متعلق یہ الفاظ ہین "ریل کے درجہ کا ڈبل کرایہ مصارف طعام و قلی وغیرہ کے لئے دیا جاتا ہے۔" "وغیرہ" مین کرایہ گاڑی مذکورہ بالا داخل ہو یا نہین جہانتک غور کیا جاتا ہے "وغیرہ" مین کرایہ اسباب تو ضرور شامل ہو اور علاوہ آمد بہی ہو لیکن کرایہ گاڑی شامل نہین ہو کیونکہ ریل کا سفر اسٹیشن سے شروع ہوکر دوسرے اسٹیشن تک ختم ہوتا ہے اور اسی حد کے اندر کی ضروریات کیواسطے ڈبل کرایہ ریل ہو۔ اس حد کے باہر کے مصارف اسمین شامل نہین ہین جیسے ریل کے اندر کے مصارف کہانا۔ قلی اور وغیرہ مین کرایہ اسباب داخل ہین انکے علاوہ اور کوئی صرف جو ریل مین کیا جائے شامل نہین ہو۔ روانگی کیوقت شہر سے اسٹیشن تک اور بوقت داخلہ اسٹیشن سے شہر تک کا کرایہ گاڑی اسمین شامل کیا جائے۔ تو درمیان سفر مین بضرورت سرکاری "اگر بریک جرنی" کسی مقام پر کیا جائے تو کیا وہان اسٹیشن سے شہر تک اور شہر سے اسٹیشن تک انکے مصارف کرایہ گاڑی شامل ہو سکتی ہین۔ ؟ اور اسیطرح کسی بڑے سفر مین متعدد مقامات پر ایسے ضرورتین پیش آئین تو ڈبل کرایہ کی رعایت بیکار ثابت ہوگی اور ضرور یہ مصارف سرکار سے دے جائین گے انہین وجوہ سے کرایہ گاڑی جو بیرون حدود ریل ہے ڈبل کرایہ مین شامل نہین ہو۔ اور دفعات (۹) و (۱۱) بہی اسی خیال کے موئد ہین۔

جن صاحبونکو بحالت قیام تین تین چار چار روپیہ یومیہ کرایہ گاڑی ملنے کا قاعدہ ہو انکا تو کوئی نقصان نہوگا اگر اسٹیشن سے شہر تک کا کرایہ گاڑی شامل ڈبل کیا گیا البتہ اُن لوگونکا نقصان ضرور ہو جنکا یومیہ کرایہ گاڑی بجائے قیام ایک روپیہ مقرر ہو یا جنکا نہین مقرر ہو۔

مگر چونکہ علاوہ آمد ایسا ہو کہ ڈبل کرایہ ریل کی حالت مین کرایہ گاڑی نہین ملتا اسلئے بدانست نیازمند یہ معاملہ نہ اُٹھایا جائے۔ البتہ آڈٹ سے کوئی "انجکشن" ہونا چاہئے اگر کسی حساب مین مصارف کرایہ گاڑی درج ہون تو دے جائین اور نہ درج ہون تو انکی بیشی نہ کیجائے۔ جس سفرخرچ پر اس امر کی وضاحت کی ضرورت پیش آئے وہ سفرخرچ اس عایت سے پاس کردیا جائے۔ اور ایک نقل اس تحریر کی اسمین شامل کردیجائے۔ اصل تحریر دفتر آڈٹ مین رہے۔ ضرورت کے وقت اسکی نقل شامل ہوکر دیا حساب پاس ہوتا رہے۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری

حکم اجلاس صاحب فائننل سکریٹری بہادر

بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۱۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب فائننس سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
مستقلی و اضافہ
۲۴ر اگست سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ افسر صاحب ڈیوڑہیات دربارہ مستقلی و اضافہ منشی عبدالرحمن محرر میشی بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ۔

حکم

منشی عبدالرحمن ۱۵ر اگست سنہ ۱۹۲۵ء سے باضافہ مبلغ تین روپیہ ماہوار اجگہ پر مستقل کئے جاتے ہین۔ انکو اب پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت
۰ر ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب کنٹرولر آف ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم سید عزادار حسین نائب منصرم گاؤمیش خانہ من ابتداء ۱۰ر ستمبر لغایت ۲۴ر ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء بوجہ روانگی وطن۔

حکم

رخصت پندرہ یوم منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط فار صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدار ۲ لغایت ۸ ستمبر ۱۹۲۵ء

تحصیل ٹانڈہ		تحصیل ملک		تحصیل شاہ آباد		تحصیل سوار		تحصیل بلاسپور		صدر عالیہ		تاریخ و دن
از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	
۵۴۹	۷	۳۸۷	۲	۳۹۷	۲	۳۱۸	۰	۳۹۸	۳	۳۸۹	۸	۲ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم چہار شنبہ
۵۵۲	۳	۳۹۹	۱۲	۵۰۵	۸	۳۲۰½	۲½	۳۹۹	۲	۳۹۱	۲	۳ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ
۵۵۲	۰	۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	۴ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم جمعہ
۵۵۲	۰	۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	۵ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم شنبہ
۵۵۲	۰	۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	۶ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ
۵۵۲	۰	۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	۷ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ
۵۵۲		۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	۸ ستمبر ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ
۵۵۲	۰	۳۹۹	۰	۵۰۵	۰	۳۲۰½	۰	۳۹۹	۰	۳۹۱	۰	

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدار ۷ لغایت ۱۳ ستمبر ۱۹۲۵ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	صدر تحصیل	نام جنس
شاہ آباد و سوار سے نقشہ نہیں آیا۔	۶ ار	۰	۱۰۶ ار	۶ ار	۰	۱۰۵ ار	گندم
	۸ ار	۰	۱۰۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	نخود خالص
	۵ ار	۰	۹ ار	۹ ار	۰	نرخ بازار	نخود [illegible]
	۱۰۸ ار	۰	۶ ار	۹ ار	۰	۱۰۶ ار	[illegible]
	۶ ار	۰	۶ ار	۰	۰	۵ ار	ماش
	۵ ار	۰	۶ ار	۰	۰	۶ ار	مونگ
	۱۰ ار	۰	۰	۸ ار	۰	۱۰۶ ار	مکی
	۱۱ ار	۰	۶ ار	۰	۰	۱۰ ار	[illegible]
	۸ ار	۰	۸ ار	۰	۰	۱۰۶ ار	[illegible]
	۰	۰	۹ ار	۰	۰	۵ ار	عدس
	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰۹ ار	ارہر
	۱۰۳ ار	۰	۱۰۳ ار	۳ ار	۰	[illegible]	برنج
	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	۱۰ ار		[illegible]	روغن زرد
	۶ ار	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	روغن سیاہ
	۱ ار	۰	۸ ار	۰	۰	۱۰۸ ار	[illegible]
	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۰	۱۲ ار	نمک سانبھر
	۷ ار	۰	۵ ار	۶ ار	۰	۶ ار	نمک لاہوری
	۳ ار	۰	۱۰۳ ار	۳ ار	۰	۱۰۳ ار	[illegible] سیاہ
	۰	۰	۰	۰	۰	۶ ار	باجرہ